میرے مالک!

قیامت کے دن
ترے عرش کا سایہ نصیب ہو
حوضِ کوثر سے پیاس بجھے
مجھے قبر کا عذاب نہ ہو
میرے لیے ہر سوال کا جواب آسان ہو

میرے خالق!

خواب میں رسولؐ کی زیارت ہو
کعبۃ اللہ اور مسجدِ نبویؐ کی نمازیں ملیں
ہر لمحہ تیرے دین کی خدمت میں صرف ہو
آنکھ، کان اور دل کے گناہوں سے محفوظ رہوں
ترے خاص فضل سے اس دور کے خاص فتنوں سے بچا رہوں

اے اللہ! اپنے فرشتے بھیج کر ان کی مدد کر
جو ہتھیلی پر سر لیے تیرے کلمہ کی سربلندی کے لیے میدانِ جہاد میں ہیں

اپنے رسولؐ کی امت کو بچا
ذلت و مسکنت کی زندگی سے
آخرت کے دن کی رسوائی سے

صالح اعمال کی، پاک زندگی گزارنے کی توفیق دے
کمزور ارادوں کو مضبوط عزم میں، عمل میں بدل دے
مدد کر کامیابی عطا کر

یا ارحم الراحمین یا ارحم الراحمین!!

خیر خواہ